ALL INDIA MUSLIM PERSONAL LAW BOARD

آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ

Ref. No...............   Date: 05/09/2019

بابری مسجد ٹائٹل سوٹ

نئی دہلی:5/ستمبر 2019ء

آج اپنی کل کی بحث کو آگے بڑھاتے ہوئے مسلم پرسنل لابورڈ اور جمعیت علماء ہند کے وکیل ڈاکٹر راجیو دھون نے سوٹ نمبر 3 پر اپنی بحث کو مرکوز کیا۔ ابتداء میں انہوں نے نرموہی اکھاڑے کے گواہوں کے متعدد بیانات پڑھے اور سوال کیا کہ کیا آپ ان بیانات پر یقین کر سکتے ہیں۔ کچھ گواہ تو یہ کہہ رہے ہیں کہ وہاں کبھی مسجد رہی ہی نہیں اور کچھ یہ کہہ رہے ہیں کہ مسلمان کبھی کبھی نماز پڑھنے آجاتے تھے۔ کیا یہ تضاد نہیں ہے؟ ایک گواہ نے یہ کہا کہ 1934 میں جب یہاں فساد پھوٹ پڑا تھا اور مسلمان خوف زدہ تھے تب وہ نماز پڑھنے نہیں آتے تھے۔

اس کے بعد ڈاکٹر راجیو دھون نے نرموہی اکھاڑے کے متضاد دعوؤں کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک جگہ وہ کہتے ہیں کہ جنم بھومی ہی ہماری ملکیت ہے اور اس پر ہمارا قبضہ ہے اور دوسری جگہ ان کا دعوی ہے کہ ہم صرف مہنت ہیں، یعنی پوجا پاٹ کرانا ہی ہمارا کام ہے، ہم مالک نہیں ہیں۔ ظاہر ہے کہ انہیں مالک کیسے مانا جاسکتا ہے۔ اس سلسلے میں ڈاکٹر دھون نے عدالتوں کے ملکیت سے متعلق متعدد فیصلے بینچ کے سامنے پیش کئے اور قانون کی کئی دفعات بھی دکھائیں کہ قبضہ سے کیا مراد ہوتی ہے اور مہنت کی حیثیت کیا ہوتی ہے؟

اس کے بعد انہوں نے کہا کہ الہ آباد ہائی کورٹ کے تین میں سے دو جج نے ان کا قبضۂ مخالفانہ کے دعوے کو خارج کر دیا تھا لیکن افسوس پھر بھی انہیں ایک تہائی کا حقدار بنا دیا۔

آج اس بینچ کے سامنے بعض دیگر معاملات ہونے کی بنا پر عدالتی کارروائی مختصر رہی۔ اب یہ کیس آئندہ جمعرات کو ہی زیر بحث آئے گا۔

آج بحث کے دوران ڈاکٹر دھون کے علاوہ مسلم پرسنل بورڈ کی سینئر ایڈوکیٹ میناکشی اروڑہ اور بورڈ کے سیکریٹری سینئر ایڈوکیٹ ظفر یاب جیلانی بھی موجود تھے۔ اسی طرح بورڈ کے ایڈوکیٹ آن ریکارڈ کے طور پر ایڈوکیٹ شکیل احمد سید، ایڈوکیٹ ایم آر شمشاد، ایڈوکیٹ اعجاز مقبول، ایڈوکیٹ ارشاد احمد اور ایڈوکیٹ فضیل احمد ایوبی بھی موجود رہے ان کے علاوہ ان کے جونیئر وکلاء بھی موجود تھے۔

جاری کردہ

ڈاکٹر سید قاسم رسول الیاس

کوکنویز بابری مسجد کمیٹی، آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ

All India Muslim Personal Law Board ★ New Delhi ★

76A/1, MAIN MARKET, OKHLA VILL., JAMIA NAGAR, NEW DELHI-110025
Ph.: 011-26322991, Telefax: 011-26314784, E-mail: aimplboard@gmail.com
Website : www.aimplboard.in